نئی پکچرز کا شاہکار

Music By Hemant Kumar.

बन्दी

Songs By
Rajendra Krishana

بندی

اداکاران

اشوک کمار، بینا رائے
کشور کمار، شیاما

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

یہ دُنیا ایک بندی شالا ہے — اور اس میں رہنے والا ہر انسان بندی۔ مادھو بھی انہیں میں سے ایک تھا۔ اپنے بڑے بھائی شنکر کیلئے مادھو زندگی بھر بندی بنا رہا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

گانے

بندی کے

گانا ہملہ

پھونک پھونک کر چولہا اکھیّں کا بھیو ستیاناس
ہلدی دیوی ہوئے اپنی سُسر بھئی مرچی اپنی ساس
ہاں۔ آ یوں میرے دیکھا من کب تک
یہ چولہا یہ چونکا، یہ جھاڑو یہ برتن
یہ آٹا یہ ٹماٹا یہ گڑبڑ گھوٹالا

یہ۔ یہ۔ وہ۔ وہ۔ ار سے دھن تیرے کی
پر سب دِن ہوت نہ ایک سمان کبھی گا ہے ہوت اُداس
ایک روز ہماری بھی دال گلے گی
ہری دُنیا جو دیکھے گی خوب جلے گی — ایک روز ہماری م
او ہو بھیا ہمارا ہے ایم اے بی اے پاس
بھلا کب تک ہم کھاتے رہیں گے گھاس
ہری ہری گھاس کبھی سڑی سڑی گھاس
دھت تیرا ستیاناس ستیاناس ستیاناس
دو کبھی سوکھی روٹی اور نمبو کا اچار
ہائے ہائے جانے کب چھوٹے گا یہ جیا ہمار

دن ہونگے غریبی کے کس دن کھلاس
گرم گرم کچوری پوری خوب تلے گی
میری دنیا جو دیکھے گی خوب چلے گی ۔ ایک روز ہماری ۔۔
ہوگا ایک دن ہمارے بھی بیرا
دے گا دروازے پر گورکھا پہرہ ۔ اے ۔ ہٹ
ہم بن کے صاحب گیٹ پٹ انگلش بولوں رے
یہ چونکا پرتن چھوڑ کے ہوٹل کھولوں رے
انگلش بولوں رے ہوٹل کھولوں رے
گٹ پٹ بولوں رے ہوٹل کھولوں رے
نکلے میرا جلوس بینڈ باجہ کے ساتھ
روز میری سلامی کی توپ چلے گی
میری دنیا جو دیکھے گی خوب چلے گی ۔ ایک روز ہماری ۔۔

گانا نمبر ۲ ۔ گورا بدن مورا عمر یا بالی میں تو گیندے کی ڈالی
مو پہ تیر چھی نظر یا نہ ڈالو میرے بالما
ناز نہ جانوں میں تو گلیوں کی راتی
مجھ سے نہ کہیو راجہ پریت کہانی
بھولا سا من مورا عمر یا بالی ۔ میں تو ۔۔
سیج سندری تا مانگوں جی کلیاں
مجھ کو دکھا نا جھبلا سبولے کی ڈلیاں
چپ ہے دھن مورا عمر یا بالی ۔ میں تو ۔۔

گانا نمبر ۳ چمپا اور یاد مصو گھر کی رونق ہے گھر والی ہو او
ایک بات سے چلے نہ چکی ۔ ایک ہاتھ سے بجے نہ تالی ۔

گھر کی رونق ہے گھر والی
ایک کنوارے کا گھر دیکھا دیکھ کے آیا رونا
ترس رہا تھا ایک عورت کی ذات کو کونا کونا
ارے اُلٹا پڑا ہوا تھا لوٹا اور ٹکڑی تھی تھالی ۔ گھر کی...
شادی لاکھ گنوں کی دادی

بول تو بول
شادی کرنے والا بارو بڑے بڑے پھل کھائے
بیوی کے سنگ ملے مفت ہیں سسرا سالا سو سالی
گھر کی رونق...
آج بھابیہ کی چوٹی سے ہم نے ہے للکارا
شادی کا بازار ہے چالو رہے نہ کوئی کنوارا
اپنی اپنی ڈھونڈ لو بیوی گوری ہو یا کالی ۔ گھر کی رونق...
ایک باٹ سے... ایک ہاتھ سے... گھر کی رونق...

گانا نمبر ۵: میرے حال پر نہ ہنسو چاند تارو
خطاوار ہوں مجھ کو طعنے نہ مارو
یوں ٹھکرا گیا ہے تمنا میں کوئی
ہے دل ٹوٹا ٹوٹا نظر کھوئی کھوئی
یہ کیا ہو گیا میری اُجڑی بہارو ۔ خطاوار...
نہیں تو پتہ ہے میرا راز کیا ہے
کہاں حالِ دل میری اپنی خطا ہے
سہارا دو مجھ کو میرے رازدارو
خطاوار ہوں...

گانا نمبر ۵:۔ وہ بھی کیا دن تھے۔ جب لاجونتی ناریاں
غیر کے سائے سے بھی کرتی تھیں پرہیز داریاں
کیا کریں اب اس طرح بگڑی زمانے کی ہوا
لوگ بے پردے اور گھمے گھونگھٹ کو کہیں بیماریاں
ایک بڑے باپ کی بیٹی کل کیمپ کے منشی سنگ
دیکھو گھل مِل بتیاں کرتے اور جمائے رنگ
کہ لگ گئی آگ زمانے کو
شہر سے آئی بی۔ اے پاس۔ کہ ریگی گاؤں کا ستیاناس
چلے ہیں اونچی سینڈل ڈال ہنس کی جیسے کوا چال
صورت پتلی نخرے موٹے بات چیت بے ڈھنگ۔ کہ لگ گئی...
سنو اب اس منشی کا حال لگے بھی موڑ سے کنگال
کہاں سے آئے کوٹ پتلون سستہ کا کھاتا ہوگا مال
یہ ٹولنگی دیکھ کے بھیا گاؤں ہے سارا دنگ۔ کہ لگ گئی..
نگر میں ایسا ہوتا ہو۔ پاپ نہ دیکھیں گے ہم چپ چاپ
ہے اُسکے باپ کی اونچی ناک چلو اس نک پہ ڈالیں خاک
ایک ساتھ سب چلیں تو کر دیں اُس کا حلیہ تنگ
کہ لگ گئی...

گانا نمبر ۶:۔ شورِ عام
چپ ہو جا چپ ہو جا
چپ ہو جا امیروں کی یہ سونے کی گھڑی ہے
تیرے لیے رونے کو عمر پڑی ہے۔ چپ ہو جا..
رونا ہے غریبوں کے لیے قومی ترانہ
مت رو کہ میری جان یہ ہے راگ پرانا

دب غل نہ مچا دیکھ وہ پولیس کھڑی ہے
تیرے لئے رو رہے ۔ ۔ ۔ ۔ چپ ہو جا ۔ ۔ ۔
اماں تیری جنت میں ہے اور جیل میں ابا
کیا نصیب پایا ہے ۔
چاچا کا تیرے پہلے سے ہی گول ہے ڈبہ
دیکھ رہی ہے نا ۔
قسمت میں تیری لکھا ہے چوں چوں کا مربہ
کیا خوب نظر راہو کیتو کی پڑی ہے ۔ چپ ہو جا ۔ ۔
تیرے لئے رو رہے ۔ ۔ ۔ ۔ چپ ہو جا ۔ ۔ ۔
جب دودھ نہیں کام انگوٹھے سے چلا لے
خود اپنا لہو چوس کے تو بھوک مٹا لے ۔ ۔ ۔ اور تو بھوک مٹا لے
کتنے ہیں جسے سہارے جیز پڑی ہے ۔ چپ ہو جا ۔ ۔ ۔
مانگے سے تو کوئی تیرا ادھیکار نہ دیگا
دشمن کو کوئی خوشی سے تلوار نہ دیگا
لینا ہے جو دنیا سے اسے چھین کے لے لے
نرمی سے تو کوڑی بھی یہ سنسار نہ دیگا
ہمت سے اٹھا لے یہاں جو چیز پڑی ہے
یہ طوطا یہ پستول یہ کاغذ کی گھڑی ہے
یہ جمنا کے تٹ شیام کے سنگ رادھا کھڑی ہے
دیکھو رادھا کھڑی ہے
سچ یہ ہے کہ تقدیر سے تدبیر بڑی ہے ۔ چپ ہو جا ۔ ۔
چپ ہو جا امیروں کے یہ سونے کی گھڑی ہے

تیرے لئے رونے۔۔۔ چپ ہو جا۔۔۔

گانا نمبر ۷

کاہے شرمائے گوری دن یہ سہانا ہے
آج نہیں تو کل پیا گھر جانا ہے
چھوڑ کے اب یہ چار دیواری
پیا گھر جانے کی کر تیاری
اتنا گمان کرو نہ میری پیاری
آج اس کی باری تو کل تیری باری
جیون میں ایک بار یہ دن تو آتا ہے
آج نہیں تو کل پیا گھر جانا ہے
گھونگھٹ میں چند اسا مکھڑا چھپائے
بیٹھی موں دیکھو نیناں جھکائے
یاد ہنسی کی کسی کی ستائے
بات یہ سکھیوں کو کیسے بتائے
پیا سے ملنے کو دل ہے دیوانہ
آج نہیں تو کل پیا گھر جانا
کاہے شرمائے گوری دن یہ سہانا ہے
آج نہیں تو کل پیا گھر جانا ہے

ختم شد

سینڈوولی

کیا آپ اپنے آپکو کمزور محسوس کرتے ہیں!

دست صاف نہیں آتا، قبض بنی رہتی ہے۔ اچھے سے اچھا کھانے پر بھی۔ تندرستی خراب ہوتی جا رہی ہے۔ کھایا پیا دودھ گھی یا طاقت کی دوائیں آپکو کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی۔ بلکہ الٹی کمزوری آتی ہے۔ یا آپکا کسی کام میں دل نہیں لگتا، یادداشت خراب ہوگئی ہے۔ ذراسی محنت کرنے میں سانس پھولنے لگتی ہے۔ دن رات لیٹے رہنے کو جی چاہتا ہے۔ آنکھوں کے نیچے کالے دھبے پڑ گئے ہیں۔ اور آپ کسی بھی ذمہ داری کے کام سے جی چرانے لگے ہیں۔ کمر درد یا گھبراہٹ رہتی ہے کمر ہڈی اور سر میں درد رہتا ہے جسم میں خون کا بننا بند ہوگیا ہے۔ یا اسی طرح کی اور تکلیف ہو تو علاج میں دیر کرنا خطرناک ہے۔ آپ آج ہی سینڈوولی منگائیں۔ اس سے آپکی تکلیفیں جلد دور ہو جائیں گی۔ اگر پورا کورس استعمال کرنے پر بھی فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس کرنے کی گارنٹی کا نام ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

قیمت	۱	شیشی	۱۵ دن کا کورس	۳/۱۲/-
"	۲	"	۳۰ " "	۵/-/-
"	۳	"	۴۵ دن کا پورا کورس	۷/-/-

محصول ڈاک معاف

ایک سال یا اس سے زیادہ دنوں کے بیمار پورا کورس ہی استعمال کریں

اپنے آپکو کمزور رکھنا پاپ ہے۔ طاقتور بنکر اپنے گھر، سماج و دیش بھارت کو خوبصورت بنانے میں اپنی مدد دیجئے

نریندر اینڈ کمپنی کوچہ سیٹھ دریبہ کلاں دھلی

(الٰہ آباد پریس دہلی)